لفظ

(جو بھی آواز آدمی کی زبان سے نکلے اسے لفظ کہتے ہیں)

- **موضوع** (بامعنی لفظ کو موضوع کہتے ہیں)
  - **مفرد** (اس اکیلے لفظ کو کہتے ہیں جو ایک معنی بتائے اور اس کو کلمہ بھی کہتے)
    - **اسم**
      - مذکر / مؤنث
      - واحد / تثنیہ / جمع
      - معرفہ / نکرہ
      - ذات / صفت
      - اسماء ضمیر
      - اسماء موصولہ
      - اسماء اشارہ
      - اعراب
      - معرب / مبنی
      - اسماء العدد
    - **فعل**
    - **حرف**
  - **مرکب** (ایک سے زائد کلمات کے مجموعہ کو مرکب کہتے ہیں)
- **مہمل** (بے معنی لفظ کو مہمل کہتے ہیں)

فعل

وہ کام جس کے معنی میں کوئی ٹائم ہو جیسے: قَرَأْتُ (میں نے پڑھا) أَقْرَأُ (میں پڑھ رہا ہوں)

علامات فعل

1۔ تائے ساکن اس کے آخر میں ہو جیسے: نَصَرْتُ.

2۔ فعل امر ہو جیسے: اُنْصُرْ. 3۔ فعل نہی جیسے: لَا تَنْصُرْ.

4۔ اس کے شروع میں یہ حروف آسکتے ہوں: لَمْ ، لَنْ ، سَ ، سَوْفَ ، قَدْ

فعل کی تین قسمیں ہیں (۱) ماضی (۲) مضارع (۳) امر

ماضی : وہ فعل ہے جس سے کام کا زمانہ گزشتہ میں واقع ہونا سمجھا جائے جیسے كَتَبَ (اس نے لکھا)

مضارع : وہ فعل ہے جس سے کام کا کبھی تو زمانہ حال میں اور کبھی زمانہ آئندہ میں ہونا سمجھا جائے، جیسے یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے یا لکھے گا)

امر : وہ فعل ہے جس کے ذریعے کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے۔ جیسے۔ اُکْتُبْ (لکھ)

نوٹ: بعض صرفیوں نے فعل کی چار قسمیں لکھی ہیں اور چوتھی قسم نہی کو قرار دیا ہے۔ یعنی وہ فعل جس سے کسی کام کے کرنے سے روکا جائے جیسے لَا تَکْتُبْ (مت لکھ) مگر حقیقت میں یہ قسم فعل مضارع میں داخل ہے۔

لازم ومتعدی: جو فعل صرف فاعِل کے ملنے سے پوری بات ظاہر کرے اُسے لازم کہتے ہیں جیسے۔ ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا) اور جس کو فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو اسے متعدی جیسے شَرِبَ زَيْدٌ مَاءً (زید نے پانی پیا)

معروف ومجہول: اگر فعل کی نسبت اپنے فاعِل کی طرف ہو تو اسے معروف کہیں گے، جیسے خَلَقَ اللّٰهُ (اللہ نے پیدا کیا) يَخْلُقُ اللّٰهُ (اللہ پیدا کرتا ہے یا کریگا) اور اگر مفعول کی طرف ہو تو مجہول کہلائے گا، جیسے فُتِحَ الْبَابُ (دروازہ کھولا گیا) يُفْتَحُ الْبَابُ (دروازہ کھولا جاتا ہے یا کھولا جائے گا۔)

مثبت ومنفی: اگر ماضِی اور مضارع کے پہلے حرف نفی نہ ہو تو اس کو مثبت کہیں گے جیسے خَلَقَ وَيَخْلُقُ ورنہ منفی جیسے مَا خَلَقَ وَلَا يَخْلُقُ (نہیں پیدا کیا اس نے اور نہ پیدا کرتا ہے یا کرے گا وہ)، ماضی کے شروع اکثر ''مَا'' آتا ہے اور مضارع کے شروع میں ''لَا''

All Rights Reserved.